Elements of Practical Geometry Trigonometry and Conic Sections with Trigonometrical Tables

Translated by Pundit Ajoodhya Pershad

1844

رسالہ

مساحت مستعمل و علم مثلث

و علم مخروطات و نقشہ جیب مستوی وغیرہ کا

ترجمہ پنڈت اجودھیا پرشاد نے کیا

دہلی اُردو اخبار پریس میں بیچ مکان مولوی محمد باقر صاحب واقع
گذر اعتقاد خان کے باہتمام پنڈت موتی لعل پرنٹر اور پبلشر کے چھاپہ ہوا
۱۸۴۴ء

فہرست مطالب کتاب

دیباچہ

مطلب اس کتاب سے یہ ہے کہ وہ اشخاص جنھوں نے کہ علم ریاضی
تحصیل نہیں کیا ہے اوسکے چند فوائد سے مطلع ہو جاویں —
اس کتاب میں اثبات دعوے چند اشکال کا درج نہیں کیا
گیا ہے اور اونکو بطریق نفس الامریات کے بیان کیا ہے
کیونکہ اگر اثبات دعوے اونکا اسمین درج کرتے تو یہ کتاب
اون شخصوں کے لئے جو کہ اس علم سے نہ تو بالکل بہرہ رکھتے
ہین اور نہ استعداد و شوق اوسکے تحصیل کا بہت مطول ہو جاتی
اور جن شخصوں نے کہ تھوڑا سا علم ریاضی تحصیل کیا ہے
یا اونکو بعد ختم اس کتاب کے اوسکو تحصیل کیا چاہتے ہین
اونکے لئے یہی اثبات دعوی اون اشکال کا درج کرنا کچھ ضرور
نہین رکھتا تھا — صرف چند فوائد علم ریاضی اور نقشہ ملحقہ
کے بتانے کے لئے یہ کتاب لکھی گئی ہے — باوجود کہ نقشہ جیب مستوی
وغیرہ کا جو اس کتاب کے آخر مین لگایا گیا ہے ناتمام ہی یعنی اوسمین
جیب مستوی دس دس دقیقہ چھوڑ کر لکھی گئے ہے پھر بھی یہ نقشہ
طریق استعمال مین لانے نقشہ جیب مستوی وغیرہ بتلانے کے لئے کافی ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حدود

قبل از سیکھنی اس رسالہ علم مساحت کارآمدنی کے سمجھنا کسور اعشاریہ اور علامات کا جوکہ جبر و مقابلہ مین کام آتی ہین ضرور ہی

— منہائی کی علامت ہے

+ ایزادی کی علامت ہے

× ضرب کی علامت ہے

= مساوی کی علامت ہے

$12 - 2 = 4 \times 2 + 2$ اس سے یہہ مفہوم ہوتا ہی کہ بارہ مین سے منہا دو یعنی ۱۰ اوس عدد کی برابر ہی جو کہ چار کو دو مین ضرب دیکر حاصل ضرب پر دو ایزاد کرنی سے حاصل ہوتا ہے

: اور :: علامات نسبت ہین مثلاً $5 : 10 :: 15 : 30$ اس سے یہہ مفہوم ہوتا ہی کہ پانچ کو دس سے وہی نسبت ہی جو کہ پندرہ کو ۳۰ سے ہی یعنی ۵ نصف ہی دس کا جیسا کہ ۱۵ نصف ہی ۳۰ کا — انکو $\frac{5}{10} = \frac{15}{30}$ اسطرح بھی لکھتے ہین $\frac{5}{10}$ $\frac{15}{30}$

اس سے یہہ مفہوم ہوتا ہی کہ ۵ تقسیم کی گئے دس سے برابر ہین ۱۵ کے تقسیم کی گئے ۳۰ سے یعنی اگر ۵ کو ۱۰ سی تقسیم کرین اور ۱۵ کو ۳۰ سے تو خارج قسمت دونو کے باہم برابر ہونگے

اگر داہین طرف کسی اعداد کی علامت (و) لکھی ہو اور اوس علامت کی داہین طرف اور بہی عدد یا اعداد سے لکھے ہون تو علامت (و) کی داہنی طرف جو اعداد لکھی ہین اون سے مراد اعداد کسور ہین یعنے وہ بموجب اپنی اپنی درجی سے کے حصہ دہم یا صدم یا ہزارم اور علی ہذا القیاس ہین یعنے درجہ اول داہین طرف علامت (و) کی ایک واحد کا حصۂ دہم ہی اور درجہ دوم حصہ صدم اور درجہ سوم حصہ ہزارم ہین وعلی ہذا القیاس مثلاً ۳ و ۲ تین سے جو کہ علامت (و) کے باہین طرف ہی مراد تین صحیح ہی یعنے تین چند ایک کا اور ۲ سی دو دسوین حصے ایک کے مراد ہی مثال دوم ۳ و ۲۵ تین سے اس جگہ مفہوم ہوتا ہی تین چند ایک کا اور ۲ سے $\frac{2}{10}$ اور ۵ سے $\frac{5}{100}$ یعنی $\frac{25}{100}$ کیونکہ $\frac{2}{10}$ برابر $\frac{20}{100}$ کی ہی مثال سوم ۳ و ۷۵۲ مراد تین سے تین صحیح ہی ۲ سے $\frac{2}{10}$ اور ۵ سے $\frac{5}{100}$ اور ۷ سی $\frac{7}{1000}$ یعنی تین صحیح اور $\frac{257}{1000}$ اگر کسی رقم مین اعداد صحیح نہون مگر اعداد کسور ہون تو باہین طرف اوس کسور اعشاریہ کے (و) لکہنا چاہیے اور داہین طرف کچھ نہین مثلاً ۲۵ و اسکی معنی یہہ ہین کہ ۲۵ صحیح نہین ہین بلکہ وہ ۱۰۰ اسے تقسیم کی گی ہین یعنے وہ کل رقم ایک صحیح کے چوتہائی ہی

عمل اعداد صحیح اور اعداد کسور اعشاریہ یا اعداد صحیح معہ کسور اعشاریہ کی ایک ہی قاعدہ پر ہوتے ہین اسکی عمل جمع اور تفریق مین صرف یہہ چاہیے کہ اعداد کسور کے حاصل جمع اور حاصل تفریق کے باہین طرف علامت (و) لکہہ کے اونکو اعداد صحیح سی جدا کرتے تاکہ اونمین امتیاز ہو سکی

عمل تفریق   عمل جمع

۱۰٫۸۶	۲٫۹۷
۲٫۹۷	۷٫۸۹
۷٫۸۹	۱۰٫۸۶

ضرب اعداد کسور اعشاریہ موافق ضرب اعداد صحیح کے ہوتی ہی لیکن درجے اعداد کسور مضروب اور مضروب فیہ ملا کر اوسکی حاصل ضرب مین سی علامت (و) داہنی طرف سی لکھ کر جدا کر لینا چاہئیے

مثلا ۲٫۸۴   مثال دوسری ٫۶۷۸
۳٫۲۲   ٫۲۳

مثلا	مثال دوسری
۲٫۸۴	٫۶۷۸
۳٫۲۲	٫۲۳
۵۶۸	۲۰۳۴
۵۶۸	۱۳۵۶
۸۵۲	
۹٫۱۴۴۸	٫۱۵۵۹۴

عمل تقسیم مین درجے اعداد کسور مقسوم اور مقسوم علیہ برابر چاہئیں اور اگر اونمین درجہ اعداد کسور برابر نہون تو ہم اونکو برابر کر سکتی ہین بدین طریق کہ جسمین جتنے درجے اعداد کسور کے کم ہون اوسمین اوتنی ہی سفر زیادہ کرین تاکہ اون دونون کے درجے برابر ہو جاوین — اعداد کسور اعشاریہ مین داہنی طرف نقط زیادہ کرنیسے اوسکی قیمت مین کچھ فرق نہین ہوجاتا ہی۔

جیساکہ مثال آئندہ مین ظاہر ہی ٫۱ = ٫۱۰ = ٫۱۰۰ یعنے $\frac{1}{10} = \frac{10}{100} = \frac{100}{1000}$

جسوقت کہ مقسوم و مقسوم علیہ کے درجہ اعداد کسور برابر ہوجاتے ہین عمل تقسیم کسور اعشاریہ موافق عمل تقسیم صحیح کے ہوتا ہی $\frac{۲٫۱۵۰}{۲٫۳۲۵}$ ۱٫۰۲

۲٫۲۵) ۲٫۳۰۰ (۱٫۰۲۵ ...
۲۲۵
۴۸۰۰
۴۶۵۰
۱۱۵۰

اس سے یہہ مفہوم ہوتا ہی کہ ۵ تقسیم کی گئے دس سے برابر ہین ۱۵ کے تقسیم کی گئے
۳۰ سے یعنی اگر ۵ کو ۱۰ سے تقسیم کرین اور ۱۵ کو ۳۰ سے تو خارج قسمت دونو کے
باہم برابر ہونگے

اگر داہین طرف کسی اعداد کی علامت (و) لکھی ہو اور اوس علامت کی داہین طرف
اور بہی عدد یا اعداد لکھے ہون تو علامت (و) کی داہنی طرف جو اعداد لکھی ہین اون سے مراد
اعداد کسور ہین یعنے وہ بموجب اپنی اپنی درجی کے حصہ دہم یا صدم یا ہزارم اور علی ہذا القیاس
ہین یعنے درجہ اول داہین طرف علامت (و) کی ایک واحد کا حصہ دہم ہی اور درجہ دوم
حصہ صدم اور درجہ سوم حصہ ہزارم ہین وعلی ہذا القیاس مثلاً ۲ و ۳ تین سے جو کہ علامت
(و) کے باہین طرف ہی مراد تین صحیح ہی یعنے ۳ چند ایک کا اور ۲ سی دو دسوین حصے
ایک کے مراد ہی مثال دوم ۲۵ و ۳ تین سے اس جگہ مفہوم ہوتا ہی ۳ چند ایک کا
اور ۲ سے $\frac{2}{10}$ اور ۵ سے $\frac{5}{100}$ یعنی $\frac{25}{100}$ کیونکہ $\frac{2}{10}$ برابر $\frac{20}{100}$ کے ہی مثال سوم
۷۵۲ و ۳ - مراد تین سے تین صحیح ہی ۲ سے $\frac{2}{10}$ اور ۵ سے $\frac{5}{100}$ اور ۷ سی
$\frac{7}{1000}$ یعنی تین صحیح اور $\frac{257}{1000}$ اگر کسی رقم مین اعداد صحیح نہون مگر اعداد کسور ہوون
تو باہین طرف اوس کسور اعشاریہ کے (و) لکھنا چاہیئے اور داہین طرف کچھ نہین مثلاً
۲۵ و اسکی معنی یہہ ہین کہ ۲۵ صحیح نہین ہین بلکہ وہ ۱۰۰ اسے تقسیم کی گی ہین یعنے وہ کل رقم
ایک صحیح کے چوتھائی ہی

عمل اعداد صحیح اور اعداد کسور اعشاریہ یا اعداد صحیح معہ کسور اعشاریہ کی ایک ہی
قاعدہ پر ہوتے ہین اسکی عمل جمع اور تفریق مین صرف یہہ چاہیئے کہ اعداد کسور کے حاصل
جمع اور حاصل تفریق کے باہین طرف علامت (و) لکھکے اونکو اعداد صحیح سی جدا کرے
تاکہ اونمین امتیاز ہو سکی

حدود

عمل جمع

۳و۹۷
۶و۸۷
۱۰و۸۴

عمل تفریق

۱۰و۸۴
۳و۹۷
۶و۸۷

ضرب اعداد کسور اعشاریہ موافق ضرب اعداد صحیح کے ہوتی ہی لیکن درجی اعداد کسور مضروب اور
مضروب فیہ ملاکر اوسکی حاصل ضرب مین سی علامت (و) داہین طرف لکھ کر جدا کر لینا چاہئے

مثلاً

۲و۸۴
۳و۲۲
۵۶۸
۵۶۸
۸۵۲
۹و۱۴۴۸

مثال دوسری

۶و۷۸
و۲۳
۲۰۳۴
۱۳۵۶
۱و۵۵۹۴

عمل تقسیم مین درجی اعداد کسور مقسوم اور مقسوم علیہ برابر چاہین اور اگر اونمین درجہ اعداد
کسور برابر نہون تو ہم اونکو برابر کرسکتی ہین بدین طریق کہ جسمین جتنے درجی اعداد کسور
کم ہون اوسمین اوتنی ہی صفر زیادہ کرین تاکہ اون دونون کے درجے برابر ہوجاوین۔ اعداد
کسور اعشاریہ مین داہنی طرف نقطہ زیادہ کرنیسے اوسکی قیمت مین کچھ فرق نہین ہوجاتا ہی۔
جیساکہ مثال آئندہ مین ظاہر ہی ا = ۱۰ا = ۱۰۰ا و یعنے $\frac{1}{10} = \frac{10}{100} = \frac{100}{1000}$
جسوقت کہ مقسوم و مقسوم علیہ کے درجہ اعداد کسور برابر ہوجاتے ہین عمل تقسیم کسور اعشاریہ
موافق عمل تقسیم صحیح کے ہوتا ہی $\frac{21.50}{2.50}$ = ۲و۵۰) ۲۱و۵۰ (۸و۶

۲۳ ۹و۳۰۰
۲ ۲۵
۶۸۰۰
۴۶۵۰
۱۱۵۰

۴ اگر خارج قسمت اس عمل تقسیم کا ۱۰۲ سے زیادہ دریافت کرنا منظور ہو تو باقی مقسوم کے داہنی طرف ایک سفر زیادہ کرنا چاہئے - ایک سفر کی زیادہ کرنیسے اوسکی قیمت دس گنی ہوجاوگی یعنے ۲۱۵۰۰ ہوجائینگی - اگر اوسکو ۲۰۳۲۵ پر تقسیم کرین تو خارج قسمت صحیح نہوگا بلکہ ہر ایک واحد خارج قسمت کا دسوان حصہ ایک صحیح کا ہوگا اور خارج قسمت کا درجہ دوم سوان حصہ ہوگا اور علی ہذالقیاس اور اسی سبب اعداد کسور داہنی طرف (۰) کی برابر لکھی جاتی ہین جیسا کہ سابق ذکر کیا گیا ہے اور اسی طریق سے سفر زیادہ کرکے جتنا چاہین اس تقسیم کو طویل کرسکتے ہین

۲،۳۲۵) ۲۳۹،۳۰۰ (۱۰۲،۹۲۴ $\frac{۱۷۰۰}{۲۳۲۵}$

۲۳۲۵
―――
۶۸۰۰
۴۶۵۰
―――
۲۱۵۰۰
۲۰۹۲۵
―――
۵۷۵۰
۴۶۵۰
―――
۱۱۰۰۰
۹۳۰۰
―――
۱۷۰۰

اعداد صحیح خارج قسمت مین ۱۰۲ تہی اگر اون پر اعداد کسور خارج قسمت زیادہ کرین تو تمام اعداد خارج قسمت ۱۰۲،۹۲۴ $\frac{۱۷۰۰}{۲۳۲۵}$ ہونگے عمل جذر اور کعب مین اعداد کسور اعشاریہ کے درجے پورے کرنے چاہئین یعنے اگر جذر نکالنی منظور ہو تو ۲ سے تقسیم ہوسکین اور اگر نہوسکی تو ایک سفر زیادہ کیا جاہئے اور درصورتیکہ کعب نکالنا چاہتے ہین تو تین سے تقسیم ہوسکی اور اگر نہوسکے تو ایک یا دو نقطے زیادہ کرنے چاہئین یعنے اگر بعد تقسیم کی ایک درجہ بچی تو ۲ سفر اور اگر ۲ درجے بچین تو ۱ سفر زیادہ کریے — اعداد کسور مین نقطہ زیادہ کرنیکا باعث وہ شخص بخوبی سمجھینگے جو کہ

باب اول سطوح کے بیان مین

عمل جیذر و کعب سے کما حقہ ماہر ہین اور چونکہ سمجھنا اس رسالہ کا اسکے جاننے پر موقوف نہین ہی تو در باب اوسکے ہم کچھہ ذکر نہ کرینگے

رسالہ علم مساحت کاراصدنی

باب اول سطوح کی بیان مین

علم مساحت کاراصدنی ایک ترکیب مرتسم کرنے اشکال علم ریاضی کے رول یا پرکار یا کسی اور الہ سے جوکہ اس مطلب کے واسطے اور تشخیص کرنے ابعاد ثلاثہ کے لئے کام اتی ہین ہی یہہ ترکیب مبنی اوپر خواص اور مقادیر اشکال کے خطوط وغیرہ کے جوکہ تحریر اقلیدس اور اور ایسی ہی کتابونمین مندرج ہین ہی

بیان حدود کا

۱ — نقطہ اسکے تئین کہتے جس کا جزو نہو اور نہ قابل حس کے ہو

۲ — خط طول ہی بے عرض وہ نقطہ پر منتہی ہوتا ہی

۳ — خط مستقیم وہ ہی کہ اپنے دونو انجام کے نقطون کی سیدہ پر جیسا کہ ا ب

۴ — سطح یا بسیط وہ ہی کہ فقط طول اور عرض رکھے وہ خط پر منتہی ہوتا ہی جیسی کہ ا ب س د

۵ — سطح مستوی وہ ہی کہ ہر ایک جاہ ہر جگہ ہموار ہو یا یہہ کہ اگر کوئی خط مستقیم اوس سطح مین کھینچین جس جگہ کہ وہ گذرے سطح سے مس کرے اور ملاتے ہو

۶ — ایک جسم ٹھوس وہ ہی جس کا طول اور عرض اور عمق یا مٹا پا ہو اور وہ سطح پر منتہی ہوتا ہی جیسا کہ ا ب س د

۷ — زاویہ مسطح وہ ہی کہ واقع ہو درمیان دو خط

۶ مستقیم کی جو کہ ایک نقطہ پر ملین اگرچہ دونو ملکر ایک خط ہو جاوین

اس سے یہہ بات ظاہر ہوتی ہی کہ خطوط اب اور ب س کے چہوٹے یا بڑے ہونے

سے زاویہ اب س مین کچہہ کمی یا بیشی واقع نہین ہوتی ہی

۸ — اگر ایک خط مستقیم دوسری خط مستقیم پر قایم ہو اور اوس خط کے ایکطرف

دو زاوے برابر پیدا کرے تو خط قایم کو عمود اور اون زاویون مین سے ہر واحد

کو زاویہ قایمہ کہتے ہین جیسے خط اب س د پر عمود ہی اور دو قایمہ پیدا کرتا ہی

۹ — زاویہ کی تین قسمین ہین یعنی قایمہ حادہ اور منفرجہ

۹ — زاویہ قایمہ مابین دو خط مستقیم کے ہوتا ہی جو کہ ایک دوسری پر عمود ہین جیسے

اب س

۱۰ — زاویہ حادہ وہ ہی کہ

قایمہ سی چہوٹا ہو جیسی کہ زاویہ اب س کا

۱۱ — زاویہ منفرجہ اسکے تئین کہتے ہین کہ بزرگتر قایمہ سے ہو جیسے کہ زاویہ اب س کا

۱۲ — دایرہ ایک شکل مسطح ہی

جو کہ ایک خط مستقیم و ا کو اوسکے

انجام کے ایک نقطہ پر گردش

دینی سے پیدا ہوتا ہی

۱۳ — مرکز دایرہ نقطہ و ہی گرد جسکے کہ دایرہ کہینچا ہی اور خط منحنی اج س کو محیط دایرہ

کہتے ہین اور وہ اکثر ۳۶۰ درجو مین منقسم ہوتا ہی

۱۴ — قطر دایرہ ایک خط مستقیم ہی جو کہ مرکز سے گذر کے دونو

طرف محیط دایرہ پر منتہی ہوتا ہی جیسے کہ خط اس بیچ شکل نمبر ۱۲ کے

باب اول سطوح کے بیان مین

۱۵ — قوس جزو دایرہ ہے
جیسا کہ ا ب س

س
ب ا

۱۶ — وتر ایک خط مستقیم ہے
جو کہ قوس کے دو نوں طرفون کو
واصل ہوتا ہے جیسی کہ خط ا ب
مماس ایک خط مستقیم ہے جو کہ قطر
دایرہ کے انجام پر عمود ہوتا ہی جیسا کہ آ ب

ب
آ

۱۷ — تمام اشکال مسطح جو کہ تین خطوط مستقیم سے محیط ہین مثلث کہلاتے ہین اور وہ
موافق خواص خطوط اور زاویون کے موسوم بنام مختلف ہین

۱۸ — جس مثلث مین کہ ایک زاویہ قایمہ ہے اوسکو مثلث قایمۃ الزاویہ کہتے ہین
اور خط مقابل زاویہ قایمہ کو وتر قایمہ اور باقی دو نو خطوط کو ساقین
کہتے ہین جیسے کہ مثلث ا ب س ا ب وتر قایمہ اور ب س اور ا س ساقین ہین

ا
ب س

۱۹ — مثلث حادۃ الزاویہ وہ ہے جسمین تمام زاویے
حادہ ہون جیسے کہ مثلث ا ب س

ا
س ب

۲۰ — مثلث منفرجۃ الزاویہ وہی جس مین ایک زاویہ منفرجہ ہے جیسے کہ مثلث
ا ب س جسمین کہ زاویہ
ا ب س منفرجہ ہے

ا
س ب

۲۱ تمام اشکال مسطح جو کہ چار خط سے محیط ہین ذو الاربعۃ الاضلاع کہلاتے ہین اور

نصف دایرہ مین ۱۸۰ درجے اور چہارم حصہ دایرہ مین ۹۰ درجے اور اوسکے
چھٹے حصہ مین ۶۰ درجے اور ہشتم حصہ مین ۴۵ درجے ہوتے ہین

باب اول سطوح کے بیان مین

نقطہ آ اور ب کو مرکز گردان کر کسے فاصلہ پر جو کہ نصف اب سی بڑا ہو دو قوسین کہینچو اس طریق سے کہ وہ نقاط ن اور م پر تقاطع کرین درمیان اون نقطون کے خط ن س م واصل کرو نقطہ س جہانکہ وہ خط خط اب کو کاٹتا ہے بیچین خط اب کے ہوگا

۷

شکل دوسری

زاویہ مفروضہ ا ب س کو دو برابر حصون مین تقسیم کیا چاہتے ہین نقطہ ب سے کسی بعد پر قوس ا س کہینچو اور بعد ازان نقاط ا اور س کو مرکز گردان کر دو قوسین اس طریق سے کہینچو کہ کسی ایک نقطہ پر مثلا ن پر تقاطع کرین اور ب نقاط ب اور ن مین ایک خط واصل کرو تو وہ زاویہ مطلوبہ ا ب س کو تنصیف کرے گا

شکل تیسری

چاہتے ہین کہ نقطہ مفروضہ س سے کسی خط مستقیم اب پر ایک عمود قایم کرین نقطہ س کے دونوطرف برابر فاصلہ پر س ن اور س م فرض کرو اور نقاط ن اور م سے کسی فاصلہ پر جو کہ ن س اور م س سے بڑا ہو دو قوسین کہینچو کہ نقطہ ر پر باہم کاٹین اور بعد ازان نقاط س اور ر مین خط ملاؤ تو وہ عمود مطلوبہ ہوگا

شکل چوتہی

۳۹ —

چاہتی ہین کہ نقطہ مفروضہ س سی جو کہ خط اب کے باہر ہے ایک عمود قایم کرین نقطہ س سی کسی فاصلہ پر ایک قوس ن م جو کہ اب کو نقطہ ن اور م پر کاٹین کہینچو تب نقطہ ن اور م سے کسی فاصلہ پر جو کہ ن د یا م د سی زیادہ ہو دو قوسین کہینچو تو وہ ایک دوسرے کو کسی نقطہ پر مثلاً ث پر کاٹینگے بعد ازان درمیان نقاط س اور ث کے خط س د ث واصل کرو تو یہہ خط عمود ہوگا دیکہو نمبر ۸

باب دوم مثلثون کی خواص کے بیان مین

شکل اول

۴۰

جبکہ ایک خط اور دو زاوے ایک مثلث کے ایک خط اور دو زاویون دوسرے مثلث کے یعنی ہر واحد اپنے نظیر کی برابر ہونگے تو باقی زاویہ اور اضلاع دونو مثلث کی اپنے اپنے نظیر کے برابر ہونگے اور مثلث مثلث سے

دونو مثلثون مرقومہ بالا مین خط اس برابر خط آش کے ہی فرض کرو کہ ایک مثلث کو دوسرے مثلث پر رکہین برین طریق کہ اس آش پر منطبق ہو تو باقی اضلاع مثلث اول کے دوسری مثلث کے باقی اضلاع پر منطبق ہونگے کیونکہ زاویہ آ اور س زاو

۱۲ آ آ اور ش سے کے برابر ہین اسی باعث سی نقطے ا اور س نقطے آ اور ش سے منطبق ہونگے

شکل دوم

۱۳ - اگر دو خط اور ایک زاویہ میانہ ایک مثلث کا دوسرے مثلث کی دو خط اور ایک زاویہ میانہ کے برابر ہون یعنی ہر واحد اپنے نظیر کی تو دونو مثلث باہم برابر ہونگے

مثلث اب س اور آب ش مین اگر زاویہ ب زاویہ ب کے اور ضلع اب ضلع آب کے اور ضلع ب س ضلع ب ش سے کے برابر ہون تو جس وقت کہ ایک مثلث کو دوسرے مثلث پر منطبق کرین اور زاویہ ب کو زاویہ ب پر تو نقطہ ا نقطہ آ پر منطبق ہوگا اور نقطہ س نقطہ ش پر منطبق ہونگے اور اسی سبب سے ضلع اس ضلع آش پر ... (ملاحظہ ۲۲)

شکل سیوم

اگر دو مثلث کے زاوی متقاطرہ برابر ہون مگر اضلاع نظامیر مساوی نہین تو اونکے اضلاع متناسب ہونگے یعنی جو نسبت کہ ایک مثلث کا ایک ضلع دوسری مثلث کی ضلع متقاطرہ کو رکہتا ہے وہی نسبت باقی اضلاع مثلث اول کے باقی اضلاع مثلث ثانی کو یعنی ہر واحد اپنے نظیر کو رکہیگا

مثال

اگر تین زاوے مثلث اب س تینون زاویون متقاطرہ مثلث آب ش کی برابر ہون یعنی زاویہ آ زاویہ ا کی اور زاویہ ب زاویہ ب کی اور زاویہ س زاویہ ش کی برابر ہون تو چھوٹا مثلث بڑی مثلث پر آجاویگا جیسا کہ شکل بالا مین نقطہ دار خط سی ظاہر ہی ــــ ضلع اب ضلع آب کو وہی نسبت رکہتا ہے جو کہ ضلع اس آش کو رکہتا ہی یعنی اگر ایک مثلث کا ایک ضلع دوسرے

چونکہ یہہ شکل کتاب مین بیچ قد و قامت کے کم اور ٹیڑھی
لکھی تھی اسلیئے اوسکو علیحدہ ورق پر لکھہ کر چھپوایا گیا۔

دوسرے مثلث کی ضلع متناظرہ سے دو چند یا سہ چند یا دہ چند ہو تو باقی اضلاع مثلث اول کے موافق نسبت گذشتہ کی دو چند یا سہ چند یا دہ چند ضلع متناظرہ مثلث ثانی سے ہونگے

شکل چہارم

۴۳ — مثلث کی تینوں زاویون کا مجموعہ دو قایمون کے برابر ہے نمبر ۲۱ مین بیان کیا ہے کہ زاویہ قایمہ مین ۹۰ درجے ہوتے ہین اوس حساب سی دو قایمون مین ۱۸۰ درجے ہونگے مثلث کے تینوں زاویون کا مجموعہ ۱۸۰ درجے ہی

۴۴ — چہار اشکال مرقومہ بالا نہایت دلچسپ مسایل حل کرنیکی واسطی کام آتی ہین کیونکہ اونکی جاننے سی زاویون اور زمین پیمایش کرنیکے واسطے صرف اجتناع جریب اور الات کی پڑتی ہی — الات مفصلہ ذیل معہ مدارج نقش کی گئی گرد دایرہ کے بن سکتے ہین

۴۵ — متحرک اولرب دف بہ نسبت رولر اوس کے کچہ چہوٹا ہی اور نقطہ د پر ٹہرتا ہے — اوس قدر مین جو کہ دونو رولر کی انجام پر استادہ ہی اور سی نیچی تک ایک لمبا سوراخ ہی جسمین سے کہ اشیا کو دیکھتی ہین جبکہ دایرہ پیمایش کو کسی تپایہ پر اس طرح سے رکہین کہ خط اس بعینہ مقابل شی مفروضہ س کے ہو اور دوسرا خط ب ت بعینہ مقابل دوسری شی کے ہو کہ درمیان رولر ب ت اور اس کی ہو تو محیط دایرہ پیمایش پر درجے زاویہ مطلوبہ کی معلوم ہو جاوینگے

باب دوم مثلثون کے خواص کی بیان مین

۱۴

۲۳ — پروٹرکٹر ایک چھوٹا الہ ہی بشکل دایرہ یا نصف دایرہ — اوسپر مدارج زاویہ مرسوم ہوتے ہین شکل مرقومہ بالا شبیہ پروٹرکٹر کی ہی — زاویہ پیمایش کیے ہوی کو اوپر زمین کے اس الہ سی کاغذ پر نقل کرسکتے ہین — ترکیب اوسکی یہہ ہی کہ جس جگہ زاویہ کھینچنا منظور ہو اوس جگہ کاغذ پر مرکز الہ کو رکھو تب ایک خط مرکز سی طرف س کے کھینچو اور بعد ازان جتنے درجون کا کہ زاویہ بنانا منظور ہو اوتنی درجی محیط دایرہ پر دیکھو اور اوس مقام پر نشان کرو اور تب درمیان مرکز الہ ف اور اوس نشان کے ایک خط کھینچو تو زاویہ مطلوبہ بنجاویگا — اگر طریق استعمال ان الات کا بخوبی سمجھہ مین اجاوی تو حل کرنا اگی انے والے اشکال کا بہت اسان ہے

مسئلہ اول

۲۴

ایک شخص دریای تیز رو کے کنارے پر کھڑا ہی اور دریا ایسا عمیق ہی کہ وہ اوسکو عبور نہین کرسکتا مگر چاہتا ہی کہ اوسکی عرض کو پیمایش کرے پس کیونکر اوسکا عرض معین کریگا

فرض کرو کہ اف دریا ہی — عرض دریا کی پیمایش کی ترکیب یہہ ہی کہ دریا کے جسطرف وہ کھڑا ہی اوسی طرف خط ب س پیمایش کرے اور ت دایرہ کو نقطہ ب پر رکھکر ایک قطر کو یعنے مقابل س کے اور دوسرے قطر کو طرف کسی اونچی چیز د کی مقابل ب کی دوسری طرف دریا کی لاوے بعد ازان زاویہ کو درمیان پیمایش کی ہوئی خط ب س اور خط ب د کی ماپئی اوسکے بعد نقطہ س پر جاکر الہ چھوٹا خط س ... اور س د کے بیچ ہو تو گذشتہ پیمایش کرے

باب دوم مثلثون کے خواص کے بیان مین

مثلاً اگر زاویہ س ۴۵ درجون کا ہو اور زاویہ ب ۸۵ درجون کا اور خط پیمایش کیا ہوا ۱۵
۴۰۰ ہات کا تو ایسی جگہ پر جہانکہ اتنا بڑا مثلث بن سکتا ہی جا کی ایک خط ۴۰۰
ہات کا اور دو زاوی انجام خط سی ب آ اور س کی برابر بنا دی اور تب خط ب آ د او
س د کو اخراج کرے جب تک کہ وہ باہم ملین سے بموجب نمبر ۴ کے یہہ مثلث اوس
مثلث کی برابر ہوگا جو کہ بسبب حائل ہونے دریا کے تمام نہین بن سکتا تھا اس مثلث
کا ضلع س د جسکو پیمایش کر سکتے ہو دوسرے مثلث کی ضلع ب د کی یعنی عرض
دریا کی برابر ہوگا فہو المراد

۴۸ مسئلہ دوم

چاہتی ہین کہ ایک اونچی مینار کی بلندی زمین پر سے پیمایش کرین مثلاً مینار ا س کی

ترکیب اسکی پیمایش کی یہہ ہی کہ خط ب س کو پیمایش کرو اور جگہ ایک قطعہ دایرہ کا
یعنے مقابل س کے ہی نقطہ ب سے دوسری نقطہ کو اُسکی سیدہ پر اسطرح
سے کہ زاویہ ب پیمایش ہو سکے لا و چونکہ اس زمین پر عمود ہے تو زاویہ س
قایمہ ہوگا اس صورت مین بعد پیمایش زاویہ ب کے ایک خط اور دو زاوی

دایرہ کو زمین پر رکھنے کی تکلیف رفع کرنیکی واسطے ہم اسی دو یا تین فیٹ زمین سے
اونچا رکھتی ہین مثلاً د پر جیسا کہ ارتفاع مثلث کا پیمایش ہوگا اوس پر ۵
دو یا تین فیٹ زیادہ کے چاہین تا کہ مینار کی بلندی معلوم ہو جاوے

دو زاوے ب اور س متصل اوسکے معلوم ہوئے بموجب نمبر ۲۰ کے ایسی جگہ مثلث بنا سکتے ہین جہانکہ ضلع اس ب آبی پیمایش ہو سکیگا

۴۹ — بلندی ایک سیدہی مینار کی ایک اور ترکیب سے یعنی اوس کا سایہ ناپنی سے دریافت ہو سکتی ہی ایک بانس بنا ہوا لیکر سیدہا کہڑا کرد اور اوس کا سایہ ناپو اگر بانس کا سایہ بانس سے دوچند یا سہ چند ہوگا تو سایہ مینار کا بہی اوسی وقت مینار سے اوتنا ہی بڑا ہوگا جتنا کہ سایہ بانس کا بانس سے بڑا ہی — فرض کرو کہ سایہ بانس کا تین ہات ہی اور بانس خود ایک ہات کا تو اگر اوس وقت سایہ مینار کا ۱۵۰ ہات ہو تو ہم بیشک ولاریب جانینگی کہ مینار ۵۰ ہات کا ہوگا

۵۰ مسئلہ سیوم

فرض کرو کہ بلندی ایک پہاڑ کے جسکی گرد میدان واقع ہی پیمایش کیا چاہتی ہین چونکہ وہ پہاڑ مثل ستون سیدہا نہین ہے تو وہ مانند شکل مرقومہ بالا کے پیمایش نہین ہو سکتا ہی — ایک اور ترکیب اوسکے پیمایش کرنیکے واسطے چاہیے وہ ترکیب یہہ ہے

فرض کرو کہ ا ب س ایک پہاڑ ہے اور ی ف ج ہ ایک میدان گرد نواح اوسکے واقع ہی — پہاڑ سے تہوڑے فاصلہ پر خط د ی پیمایش کرو اور اوس خط کی انجام سے دو زاوے جو کہ خطوط موسومہ ی س اور د س سے بنتی ہین ناپو

زاویہ س ی د
زاویہ ی د س

مانو جبکہ ایک خط اور دو زاویے متصل اوسکے معلوم ہو گئے تو بطریق گذشتہ کسی اچھی جگہہ پر ایک مثلث بنا سکتے ہین اور خط د س کو ناپ سکتے ہین بعد اسکے نقطہ د سے زاویہ د کو جو کہ مابین خطوط د س اور س خط موہوم کے جو کہ زمین پر طرف دامن پہاڑ کی جاتا ہے پیمایش کرو — چونکہ بلندی پہاڑ کی پیمایش کیا چاہتے ہو تو زاویہ د ل س قایمہ ہوگا پس ہمکو دو زاوئے اور ایک خط مثلث د ل س کی معلوم ہو گئی ہین — چونکہ ہر مثلث کی تینوں زاویون کا مجموعہ دو قایمون کے برابر ہی تو دو نو زاویون کا مجموعہ اگر دو نو قایمون میں سے منہا کرین تو باقی بیشک مثلث کا تیسرا زاویہ ہوگا ایک خط اور دو زاوے د اور س اور پر اوس خط کے جسکا کہ طول بیشتر پیمایش کیا تھا معلوم ہو گئے ہین تو اب ایک مثلث بنا کر خط س ل یعنی بلندی پہاڑ کی پیمایش کر سکتے ہین

زاویہ س د ل

۵۱ — مسئلہ چہارم

فرض کرو کہ فاصلہ درمیان آ اور ب کے معلوم کیا چاہتی ہین اوس صورت مین کہ ہم آ سے ب تک نہین جا سکتے ہین مگر س سے ب اور آ تک جا سکتے ہین

اس صورت مین خطوط آ س اور ب س اور زاویہ س کو پیمایش کیا چاہیے بعد اسکے بموجب نمبر ۴۲ کی جس جگہہ کہ دو زاویے چاہین ایک مثلث بنا کر خط آ ب کو

پیمایش کرین

۲۵ — ہمنی اوپر بیان کیا ہی کہ تمام مسایل مرقومہ بالا زمین پر مثلث بنانی سی حل ہوسکتی ہین مگر یہہ دقت کرنی کچہہ ضرور نہین کیونکہ بموجب نمبر ۲۴ کی مثلث متناسب بنانی سے وہی مطلب بر آتا ہی جو کہ مثلث برابر بنانی سی — مثلث متناسب کے خطوط بجای برابر ہونیکے متناسب ہونگے

مثال

نمبر ۲۴ مین ہمنی خط ب س کا طول دریافت کیا تہا فرض کرو کہ وہ ایک ہزار گز کا تہا اگر بجای ہزار گز کے تختہ کاغذ پر ۱۰ انگل کا ایک خط کہینچین تو ہر ایک انگل ہر خط جو کہ کاغذ پر کہینچا ہے بجای اوسکے سو گز کی ہوگا — خط ب س کی انجام سے دو زاوئے ب اور س اون زاویون کے برابر جو کہ زمین پر پیمایش کئے تہے بناو اور اون خطوط کو خارج کرتے جاو جب تک کہ وہ ملین اور بعد ازان ہوشیاری تمام خط ب د کو پیمایش کرو ہر ایک انگل ہر خط ب د کا اوس خط کی سو گز کی برابر ہوگا جو کہ پار دریا کے گذرتا ہے

۲۶ — ایک مثلث دوسری مثلث کے متناسب بنا سکتی ہین بغیر ازالہ پیمایش زاویہ کی مثال مرقومہ بالا نمبر ۲۴ مین فرض کرو کہ ایک چٹی میز ہے نقطہ ب سی بمدد ایک رول کی ایک خط بموجب س کی سیدہ پر اور دوسرا بعینہ د کی سیدہ پر کہینچو اور بعد ازان خط ب س کو پیمایش کر کے کاغذ پر ایک خط کہینچو جس کا ایک ایک انچ یا دو دو انچ زمین کے سو سو گز کے بجای ہو جس جگہہ کہ کہڑا ہی ہو اوس جگہہ سے میز کو نقطہ س پر لیجاو اور خط ب س کو کاغذ پر بسمت ب اور متحرک رول کو ب سی د پر کہو خطوط ب د اور د س کا سمت اس طریق سے تحقیق ہوا اب اگر ان خطوط کو کہینچین تو وہ

تو وہ نقطہ د پر ملین گے اب خط ب د کو منبر پر پیمایش کیا چاہیے اور جتنے انچ کا کہ وہ خط ہی اونچے ہے سو گز کا خط زمین پر ہوگا ۴۰ ۰ چونکہ زمین کے جسامت معلوم ہے تو بموجب مرقومہ بالا کے زمین اور افتاب کے فاصلہ کے ترکیب پیمایش قیاس کرسکتے ہین فرض کرو کہ دو شخص بڑے فاصلہ پر ایک دوسرے سے ایک ہی نصف النہار پر آفتاب کو وقت دوپہر کے دیکھتے ہین اور زاویہ جو کہ مابین دو خطون کے ایک درمیان افتاب اور اوس شخص کے دوسرا درمیان اوس شخص کے اور مرکز زمین کے ہی پیمایش کرتے ہین اگر فاصلہ درمیان دونون شخصون کے معلوم تو وہ مثلث ا ب س کو پیمایش کرسکتے ہین ۔ اس فاصلہ کو اگر درجون مین بیان کرین تو زاویہ آ معلوم ہو جاویگا اور ازبسکہ اس مثلث کے دونون خطون مین سے ہر واحد زمین کے نصف قطر برابر ہی اور زمین کے نصف قطر ہمکو معلوم ہے پس اگر از روے نمبر ۴۸ کے اس مثلث کو پیمایش کرین تو زاویہ ا ب س اور ا س ب معلوم ہو جاوینگے ہر واحد کو اوس زاویہ مین سے منہا کرین جو کہ اوسی نقطہ پر درمیان دو خطون کے ایک درمیان افتاب اور اوس شخص کے اور دوسرا درمیان مرکز زمین اور اوس شخص کے واقع ہو باقی ہر واحد ہر واحد کے جداگانہ زاویہ ت ب س اور ت س ب کے برابر ہوسکے چونکہ خط مثلث ا ب س کا اس طریق سے معلوم ہوگیا اور پیشتر دونو زاویہ متصل اس خط کے دریافت ہو گئی تو بموجب نمبر ۴۷ اور ۴۸ کے مثلث بنا سکتے ہین [illegible]

اوسی اتنا معلوم ہوا ہی کہ فاصلہ درمیان زمین اور افتاب کے پیمایش کرنا ممکن ہے اور حقیقت مین فاصلہ درمیان زمین اور افتاب کے بہت صحیح دریافت کیا ہی ۔ ۵ واسطے تحقیق کرنے کے واسطے تھوڑسے سے ترکیبات اوپر بیان کی ہین لیکن پیمایش کرنا بعضی خطوط کا زمین پر اور کھینچنا خطوط کا جو کہ مناسب ہو خطوط زمین سے کیسے بہت صحیح نہین ہوسکتا ہی اور اس سبب سے ترکیبات مذکور کافی نہین ۔ علم مثلث مین بدون مثلثہ بنانے کے خواہ کاغذ پر خواہ زمین پر فاصلہ دریافت ہوسکتا ہی

پیمایش کیسے سطح کے جو کہ درمیان خطوط محدود کے ہے مساحت کہلاتی ہے ۔ سطح انچ مربع یا گز مربع یا فیٹ مربع سے پیمایش ہوتا ہے

مسئلہ اول

مساحت ایک مستطیل کے خواہ مربع ہو خواہ قایم الزاویہ کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

اوسکے طول کو عرض سے ضرب دو حاصل ضرب اوسکی مساحت ہوگی ۔ چونکہ مربع کا طول اور عرض برابر ہوتا ہی تو اوسکی مساحت دریافت کرنیکے واسطے اوسکے ایک ضلع کو اوسی نفس ضرب دیا جاتا ہے

تیسرا باب پیمایش سطوح کے بیان مین

مثال

مساحت مربع ا ب س د کی جسکا کہ ہر ایک ضلع ۵ فٹ کا ہے دریافت کیا چاہتی ہین اگر ۵ کو ۵ سی ضرب دین تو حاصل ضرب ۲۵ ہوگی پس معلوم ہوا کہ مربع ا ب س د مین ۲۵ فیٹ مربع ہین جیسا کہ اس شکل کے دیکھنے سے صاف ظاہر ہی

اگر شکل قایم الزوایہ کا ایک ضلع ۶ یا ۷ یا ۱۰ فیٹ کا ہو اور دوسرا ضلع ۵ فیٹ کا تو بموجب قاعدہ مرقومہ بالا کے دونون ضلعون کو باہم ضرب دینے سے اسکی مساحت معلوم ہو جاویگی علاوہ مربع یا قایم الزوایا کے اگر سطح مستطیل کی پیمایش کرنی منظور ہو تو دونو ضلعون کو باہم ضرب نہ دیا چاہیے بلکہ ایک ضلع کو اوس عمود مین جو کہ ضلع مقابل سے اوس خط پر قایم ہے ضرب دیا چاہیے

مثال

مساحت ا ب س د کے دریافت کیجا چاہتی ہین ضلع د س کو عمود ف س سی ضرب کرو حاصل ضرب مساحت مستطیل کی ہوگی

یہ مستطیل برابر شکل قایم الزاویہ ی ف س د کے ہے کیونکہ مثلث ا د ی جو کہ شکل قایم الزاویہ کے اندر ہے اور مثلث س ف ب جو کہ اوسکے باہر ہے باہم برابر ہین تو اس صورت مین صاف ظاہر ہے کہ سطح شکل ذو الاربعۃ الاضلاع سطح شکل قایم الزوایا کے برابر ہے

تیسرا باب پیمائش سطوح کے بیان مین

مسئلہ دوم

سطح مثلث ا ب س کا کیونکر دریافت کرین

مثال

اگر مثلث ا ب س کا قاعدہ ا ب ۱۰ فیٹ کا ہی اور ارتفاع د س ۷ فیٹ کا تو اوسکے مساحت کیا ہو گے مثلث ا ب س نصف مستطیل ا ب ی س ہے

اور چونکہ پیمائش مستطیل ا ب ی س کے خط ا ب کو عمود د س مین ضرب دینے سے ہوتی ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا ہی تو مساحت مثلث کے اوسکی حاصل ضرب کے نصف کے برابر ہوگے یعنی نصف ۱۰ کو ۷ سے ضرب کرو حاصل مساحت مثلث کے ہوگے

۵۹ مسئلہ سوم

جس مثلث کے کہ تینو اضلاع معلوم ہین اوسکی مساحت کیونکر دریافت کرین ـ ظاہر ہی کہ اس شکل کو کاغذ پر مثلث متناسب بنانے سے ناپ سکتے ہین ـ ترکیب یہ ہی کہ کاغذ پر ایک خط متناسب کسے خط معلوم کے کہینچو اور بعد از ان پرکار اوس خط کے ایک انجام سے دونون باقی خطوط مین سے ایک کے متناسب فاصلہ پر دایرہ کہینچو اور بعد از ان دوسرے انجام سے دوسرے خط کے متناسب فاصلہ پہ دایرہ مرتسم کرو تو نقطہ جہانکہ وہ دونو قوسین باہم کاٹتے ہین ارتفاع مثلث کے انتہا ہوگے ـ اور اگر درمیان سر ایک انجام خط مفروضہ اور نقطہ تقاطع کے

تقاطع کے خطوط واصل کرین تو مثلث بن جاوے گا — مثلاً فرض کرو کہ مثلث
مفروضہ کا ایک ضلع ۱۰۰ گز کا دوسرا ۱۵۰ کا اور تیسرا ۲۰۰ گز کا ہی — ہم
۲۰ گز کو ایک انچ فرض کرتے ہین اور اس حساب سے بجای ۲۰۰ گز کے ۱۰ انچ کا
ایک خط کاغذ پر کہینچتی ہین بعدازان اوس خط کے ایک انجام کو مرکز گردان کے
۷½ انچ کے فاصلہ پر جو کہ بجای ۱۵۰ گز کے ہی توس کہینچین اور پھر دوسرے انجام
خط کو مرکز گردان کے ۵ انچ کے فاصلہ پر جو کہ بجای ۱۰۰ گز کی ہی ایک توس کہینچو ایسے
اسطور سے کہ توس اول کو کاٹے نقطہ تقاطع اور دونو مرکزون مین خطوط کہینچین اور
بعدازان بلندے اور مساحت اس مثلث کے دریافت کرتی ہین اسی
مساحت بڑی مثلث کی بہی دریافت ہو جاویگے جبکہ ہر ایک انچ کو چارسو گز
تصور کرو کے مثلث کی مساحت پانیکی ترکیب ایک اور بہی ہے

قاعدہ

نصف مجموعہ اضلاع مثلث سے تین ہر ایک ضلع مثلث کو فرداً فرداً نقصان
کرو تب نصف مجموعہ اضلاع مثلث کو تینو باقیون مین تنوا تر ضرب کرو حاصل
کا جذر ساحت مثلث ہو گے مثلاً مثلث اب س کا ضلع ب س ۱۳
اور ضلع س ا ۱۴ اور ضلع اب ۱۵ ہے تو اوسکے مساحت کتنی ہو گے —

$$\frac{۱۳+۱۴+۱۵}{۲} = \frac{۴۲}{۲} = ۲۱$$

۲۱ ۲۱ ۲۱
۱۳ ۱۴ ۱۵
۸ ۷ ۶

۲۱
۶
۱۲۶
۸
۱۰۰۸
۷
۷۰۵۶ (۸۴
۶۴
۱۶۴) ۶۵۶
۶۵۶

مسئلہ چہارم

اگر مثلث قایم الزاویہ کے دو ضلعے معلوم ہون تو اوس کا تیسرا ضلع کیونکر پاوین
اول جبکہ دو ضلعے مثلث کے معلوم ہون تو وتر قایمہ کسطرح دریافت کرین

قاعدہ

مربع دونو خطون کا جمع کرو حاصل جمع کا جذر وتر قایمہ ہوگا
دوم اگر وتر قایمہ اور ایک خط مثلث کا معلوم ہو تو دوسرا خط کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

مربع وتر قایمہ مین سے مربع خط معلومہ منہا کرو اور باقی کا جذر لو تو وہ دوسرے خط کے برابر ہوگا

مثال قاعدہ اول

مثلث قایم الزاویہ ا ب س مین قاعدہ ا ب ۵۶ ہی اور عمود ب س ۳۳
تو وتر قایمہ کتنا ہوگا ــــ ا ب ۵۶ عمود ب س ۳۳

جواب ۶۵

مثال قاعدہ دوم

اگر وتر قایمہ ا س ۳۰ ہو اور قاعدہ ا ب ۴۵ تو عمود ب س کتنا

ستکنا ہوگا

اس = ۵۳ ‏ ‏ ‏ اب = ۴۵

۵۳ × ۵۳ = ۲۸۰۹ ‏ ‏ ‏ ۴۵ × ۴۵ = ۲۰۲۵

۲۸۰۹ − ۲۰۲۵ = ۷۸۴

جواب عمود ب س ۲۸ ہوگا

سوال

اگر فصیل ۲۸ فیٹ بلند ہو اور ایک خندق اوس فصیل کے نیچی ۴۵ فیٹ چوڑی ہو تو کتنا بڑا ایک چوبی زینہ بنادین کہ انتہای بلندے فصیل تک پونہچے

جواب ۵۳ فیٹ

شکل پنجم

۶۱

سطح شکل منحرف کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

اوسکے دو مقابل کے زاویون مین ایک خط واصل کرو تاکہ وہ دو مثلثون مین منقسم ہو بعدازان مساحت دونو مثلثون کے جداگانہ پیمایش کرو اور دونو کو جمع کرو حاصل جمع مساحت منحرف ہوگی

س ب ف ی ا د

مثال

شکل اس ب د کا قطر اب ۸۴ فیٹ ہے اور عمود س ی ۲۸ فیٹ اور عمود د ف ۲۴ فیٹ تو اوسکے

۲۶ اوسکے مساحت کتنے ہونگے تیسواں باب چھبیس ۔ سے بیان ہین

اب = ۸۴
۱۴
۳۳۶
۸۴
۱۱۷۶ = مساحت اب س کا ہی

اب ۸۴
عمود ۱۴
۸۴
۱۶۸
۱۶۴۴ = مساحت مثلث اب د کا ہی

۱۱۷۶ + ۱۷۶۴ = ۲۹۴۰ = مساحت اس ب د کا ہی

شکل ششم

۹۳ جس شکل کثیر الاضلاع کے کہ اضلاع متساوی ہین اور زاوے برابر اوسکے مساحت کیونکر پاوین

قاعدہ

درمیان مرکز شکل اور اوسکی تمام زاویون کے خطوط واصل کرو تو جتنے کہ اوس شکل مین اضلاع ہین اوتنی ہی مثلث پیدا ہونگے ــــ بموجب قاعدہ مذکورہ الصدر کی مساحت ہر ایک مثلث کی علیحدہ علیحدہ دریافت ہوسکتی ہی جبکہ مساحت ہر مثلث کی جداگانہ معلوم ہوگے تو اونکو جمع کرلینا چاہئے حاصل جمع مساحت شکل کثیر الاضلاع ہوگے مساحت اسکا ایک اور ترکیب سی بھی دریافت ہوتی ہی

ب ہ ا ج د م ع

قاعدہ

مجموعہ اعداد اضلاع شکل کو اوس خط سے جو کہ مرکز سے کسی ضلع پر عمود ہے

ہی ضرب دو نصف کا حاصل اسکے [illegible] ہوگے

مثال

شکل مخمس اب س د ی کا ہر ضلع ۲۵ فٹ کا ہے اور عمود مرکز سے ۱۷ تو اسکے مساحت کتنی ہوگے

اب = ۲۵
۵
۱۲۵
۱۷
۸۷۵
۱۲۵
۲) ۲۱۲۵
۱۰۶۲½ جواب

شکل مسدس کا ہر ضلع ۱۴ فیٹ کا ہے اور عمود ایک خط پر ۱۲ فیٹ کا تو اسکی مساحت کتنی ہوگی

۱۴
۱۲
۲۸
۱۴
۱۶۸
۶
۲) ۱۰۰۸
۵۰۴ مساحت مسدس

۶۲ — شکل ہفتم

مساحت شکل منتظم کثیر الاضلاع مثلاً اس شکل کے کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

تقسیم کرو شکل کو درمیان مثلثون کے تب ہر ایک مثلث کو علحدہ علحدہ پیمایش کرو

اور من بعد اونکو جمع کرو مجموعہ کل کا مساحت شکل مطلوبہ کے ہوگے

شکل ششم ۳۴

جس دایرہ کا کہ قطر معلوم ہے اوس کا محیط اور جس کا محیط معلوم ہے اوس کا قطر کیونکر پاوین

قاعدہ

قطر دایرہ محیط دایرہ سے تخمیناً وہی نسبت رکہتا ہے جو کہ سات بائیس سے رکہتا ہے محیط دایرہ اپنی قطر سے ۳۰۱۴ دفعہ بڑا ہوتا ہے اسی سبب اگر قطر معلوم ہے تو اوسکو ۱۴ر۳ سے ضرب دو تا کہ محیط دایرہ معلوم ہو اور اگر اوسکے قطر کو دریافت کیا چاہو تو محیط دایرہ کو ۱۴ر۳ سے تقسیم کرو یا خارج قسمت قطر دایرہ ہوگا

مثال

اگر دایرہ اب س کا قطر اب ۲۶ ہو تو محیط دایرہ کتنا ہوگا

جس دایرہ کا کہ محیط ۵۰ ہے اوس کا قطر کیا ہوگا

جواب ۱۵ر۹۲

فرض کرو کہ محیط دایرہ زمین تخمیناً ۲۵۰۰۰ میل ہے اور فی الحقیقت زمین

زمین کا محیط اسی قدر ہے تو اوس کا قطر کتنا ہوگا

جواب ۷۹۶۱ ۱/۳

۴۵ — شکل ہشتم

چاہتے ہین کہ سطح دایرہ دریافت کرین

قاعدہ

نصف محیط دایرہ کو اوسکے نصف قطر سے ضرب کرو حاصل ضرب اوس کا سطح ہوگا

جس دایرہ کا قطر سو فیٹ ہے اوس کا سطح کتنا ہوگا

چونکہ قطر دایرہ ۱۰۰ فیٹ ہے تو اوس کا محیط بموجب نمبر ۴۲ کے ۳۱۴ ہوگا — اوسکے نصف کو یعنی ۱۵۷ کو ۵۰ سے جو کہ نصف قطر ہی ضرب دو حاصل ضرب ۷۸۵۰ ہوگا پس معلوم ہوا کہ سطح دایرہ ۷۸۵۰ فیٹ مربع ہوگا

۴۶ — پیمایش

علم پیمایش مین بعضی اصول علم ریاضی نقشہ بنانی اور زمین ناپنی کے واسطی کام آتے ہین اون اصول مین سے جو کہ پیمایش زاویون مین کام آتی ہی قطب نما ہے

مقناطیسی سوئی جو کہ اس اصول مین ہوتے ہی شمال بتاتی ہی اور اوسکی ذریعہ سے ہر ایک خط کا سمت یعنی زاویہ درمیان خط پیمایش کی ہوئے اور خط شمالی یا جنوبی کی پیمایش مین دریافت کرتے ہین ـــــ اس زاویہ کا جاننا بہت ضرور ہے کیونکہ اوسکے معلوم ہونے سے یہہ بات کہنی ضرور ہے کہ یہہ وہی قاعدہ ہے جیسے کہ نمبر ۲۹ مین جیسے شکل کثیر الاضلاع منتظم کے دریافت کرتے ہین اور حقیقت مین دایرہ اور وہ شکل جس مین کہ اضلاع سب محدود ولا انتہا ہین ایک ہی ہین

وہ جگہ بہ آسانی تمام ... سکتے ہیں — فرض کرو کہ زمین جسکو پیمایش کیا چاہتے ہیں یہہ ہے اور فرض کرو کہ ایک بڑا درخت یا پہاڑ ق ہے کے پاس سے صاحب پیمایش اوس درخت یا پہاڑ کو جو کچھہ کہ وہان ہو حد اوس زمین کے بلحاظ پہاڑ یا درخت کی مقرر کرلیتا ہی — وہ تب نقطہ ق پر آنکر زاویہ د ق ن کو جو کہ مابین خطوط ق د اور خط شمالی یا جنوبی ن ش کی ہی پیمایش کرتا ہے بعد ازان خط د ق کو پیمایش کرکر خط اور زاویہ پیمایش کیے ہوئے کو قلمبند کرلیتا ہے اس طور سے نقطہ د معین ہو جاتا ہے اور اگر کیسے ہی تبدیلے وہان واقع ہو تو جب تک کہ پہاڑ یا درخت اوس جگہ قایم ہے نقطہ د کا پانا مشکل نہوگا جس وقت کہ نقطہ د معین ہو جاتا ہے صاحب پیمایش زاویہ مابین خطوط س د اور خط متوازی ن ش کی ماپتا ہے اور زاویہ اور خط س د کو قلمبند کرلیتا ہے اور نقطہ س معین ہو جاتا ہے اس طریق سے ہر ایک زاویہ میدان مین زمین پر تعین کیتا ہوا چلا جاتا ہے بعد پیمایش زاویون اور خطوط کی کیسی ہی تبدیلی اوس

اوس جا می پر واقع ہو ہزار دیہ اور جہاں میدان اب س دپر ہمیشہ معلوم
جاوینگے بشرطیکہ پہاڑ یا درخت اوس جای پر قایم رہیگا

۶۲ ہموار کرنے کی ترکیب

مطلب علم ہمواری سے دریافت کرنا اسبات کا ہی کہ آیا کوی خط یا سطح جسکو
کہ ہموار دریافت کیا چاہتے ہین افق کے متوازی ہے یا نہین یا کس قدر اوسکے
متوازی ہونے مین فرق ہے ہندوستانے کاریگر اکثر دو ترکیبون مروجہ سے ہمواری
و ناہمواری فرش مکان کے دریافت کرتے ہین ترکیب اول سول اور مثلث متساوی
الساقین سے ہی چونکہ اوسکے ساقین آب اور ب س باہم برابر ہین تو جس وقت کہ اسکو
فرش زمین پر رکہین گے سول کے ڈوری
قاعدہ ف ج کے وسط مین پڑی کے دیکہو نکہ
فرش مکان ہموار ہی اور اگر فرش مکان اونچا نیچا
ہوا تو سول کے ڈوری نچان کیطرف جہکے گے
مثلا فرض کرو کہ فرش مکان مقام آ پر منسبت س کے نیچا ہی تو سول کے ڈوری نچان کیطرف
جہکے گی جیسا کہ اس شکل مین خط ب ہ سے ظاہر ہی ۶۸ دوسری ترکیب یہہ ہی ایک مجوف
انبہ یا دس ہات کی یا بانس آب کو دو پیمانک کرتے ہین
اور دہ نو سرون کو بند کرکے اسمین پانی بہرتے ہین اور ایک رسے سے س د کو وسپر تانتے ہین
اور دو برابر اور متوازی لکڑیون دم اور س ف رسی س د پر لٹکاتے ہین اور چونکہ
خواص پانیکا یہہ ہی کہ وہ ہمیشہ ہموار رہتا ہی تو اس صورت مین اگر جگہ ہموار ہی تو فاصلہ جگہ
سے درمیان ڈور ے اور اوپر کے سطح پانی کی برابر ہوگا اور جو نہین تو نہین
اور جس مقام پر کہ پانی ڈور کے نزدیک ہے اوس مقام پر

ہموار کرنیکی ترکیب

مکان اونچا ہوگا ۶۹ — ترکیبیں مرقومہ بالا تھوری سطح کے ہمواری دریافت کرنیکی لیکا آتی ہیں لیکن اگر کے کوس کے خط کے ہمواری دریافت کیا چاہیں تو اس ترکیب سے نہیں ہو گے

۷۰

سپرٹ لیول

سپرٹ لیول ایک شیشہ کے نلی ہے وہ آب رنگین یا سرت شراب سی بہر ہوتی ہی اوسکی شکل یہہ ہے ا[illegible] یہ اس نلے میں صرف ایک چھوٹا سا ہوا کا بلبلہ رہنے دیتی ہیں اور تب اسکو بہت ہشیاری تمام بند کرتے ہیں چونکہ ہوا بنسبت رنگین پانی کی ہلکی ہی تو وہ ہمیشہ نلے میں بلندسی بلند مقام پر رہوی گے اسی سبب سے جبکہ نلے کی نیچیکا رخ ہموار مقام پر ہے تو پانی کا سطح اوسکے ہموار ہوگا اور اوسوقت ہوا کا بلبلہ وسط نلے میں ہوگا

۷۱ — یہ آلہ چھوٹے سطوح مثل میز وغیرہ کے ہمواری دریافت کرنے کے واسطی بہت مفید ہی اگر جگہ ذرا بہی ناہموار ہوگی بلبلہ بیچ میں سے ہٹ جاویگا

۷۲ دراز خطوط کے ہموار کرنے کی لئی اس آلہ کو تہ پایے پر رکہتے ہیں اور اوسمیں بازو مثل اوس آلہ کے جو کہ واسطی پیمایش زاویہ کے کام آتا ہی اور جسکا ذکر کہ نمبرہ ۴ میں کیا ہی ہوتے ہیں — بازو کے سوراخ میں سے نگاہ متوازی افق کے ہوتی ہے نہ کہ مثل عمود جب کہ اس آلہ کو سمت مطلوبہ کے سیدہ پر رکہتے ہیں اور پیچ کے ذریعہ سے اوسکو متوازی افق کے کرتے ہیں اوسکی سوراخ میں سے تب ایک جہنڈی کیطرف جہانتک کہ نگاہ پہونچ سکتی ہے دیکہتے ہیں اور جہنڈی کے جس مقام تک کہ نگاہ ہموار افق کے جاتی ہی اوس مقام کو نشان کرلیتے ہیں آلہ کے بلندی زمین سے اور

ہموار کرنیکی ترکیب

اور جہنڈیکی مقام نشان کے بلندی زمین سے دریافت کرکے اونمین باہم تفریق
کرنیسی بہ آسانی معلوم ہو جاوی گا کہ کتنا زمین کے دو مقاموں کے ہموار
ہونیمین فرق ہے مثلاً اب س زمین ہی اور اگر نقطہ و جہنڈی مین جو کہ مقام
س پر ہی الہ کے سوراخ کی ہموار یسے زیادہ اونچا ہو بنسبت اسکیکہ کہ
الہ مقام ب سی ہی تو ظاہر ہی د
کہ اون دونوں کے فرق سے معلوم
ہو جاوی گا کہ س کتنا نیچا ب سی ہی

ب

س

۴۷ — جبکہ پانی کو کسی جگہ سی دوسری جگہ لیجا یا چاہتے ہین ترکیبات مرقومہ
بالا کے ضرورت پڑتی ہی کیونکہ وہ جگہ جہانتک پانیکو لیجانا منظور ہی اور جس
جس مقام سے کہ وہ گذری گا چشمہ د سی نیچا ہو تو بدون حکمت سے ملے
کے پانی اوس مقام پر نہ جاسکی گا ہے — چونکہ پانی ہمیشہ ہموار رہتا ہی
تو بہ آسانی تمام اوسکو شہر مین لیجا سکتی ہین جبکہ وہ چشمہ بنسبت شہر کے
بلند ہی فرض کرو کہ ایک شہر یا گہر یا ایک پہاڑ س د ی کے متصل ہے اور اوسپر
ایک چشمہ د ہی جو با فراط پانی دیتا ہی

ف

د

ا ب م ی

ایک دہات یا مٹی کی نل چشمہ د سے مقام اب ف پر جو کہ چشمہ پانیکی سطح
سے اونچا نہین ہے لگادی تو پانی چشمہ مین سے خود اپنی وزن کے زور سے
[illegible] اگرچہ جہانکہ پانی کو لیجانا ہی منظور ہی اوس مقام سے جہان کہ پانی

پانے ہو کر وہان پونچیگا پنچا ہی — سیرگاہ مین اسی اصول پر فوارہ بناتے ہین

ب
ا
س

مثلا ایک پہاڑ پر چشمہ ب ہی اور ایک نل چشمہ سسی د تک لگی ہو اور اوس مین ایک سید ہے نلی گہری ہو تو پانے اوسمین سے بہیکر بسبب اپنی زور کے اوپر چڑہیگا

چوتھا باب اشکال مجسم کے بیان مین

تعداد وسعت شے مجسم کے اوسکی طول اور عرض اور عمق سے معلوم ہوتی ہی مکعب فوٹ گز وغیرہ سے وسعت شی مجسم کے پیمایش ہوتے ہی اور اوس کا شمار بموجب حساب مرقومة الذیل ہوتا ہی

ایک مکعب فوٹ ۱۷۲۸ مکعب انچ کا ہوتا ہی ۲۷ مکعب فیٹ کا ایک مکعب گز ہوتا ہی مکعب ایک شکل مجسم ہے جسمین کہ چہہ سطحے ہوتے ہین جیسے کہ او

ب
ف
د
س
ق
د

متوازی السطوح یا ایک شکل مجسم ہے جسمین کہ چہہ مستطیل قایمہ الزوایا ہوتے ہین اور اوسکی ہر دو سطحے متقابلہ برابر اور متوازی ہین جیساکہ او

ب
ف
ی
س
د

۷۶ — منشور ایک شکل مجسم ہے جو کہ دو برابر اور متوازی سطوح پر مبنی ہوتا ہے اور اسکے اطراف مستطیل ہین جیسے کہ شکل اب س د مین ظاہر ہے۔

۷۷ — اگر مستطیل قایمہ الزوایا ایک خط ثابت کرین اور اوسکو اوس پر گردش دیوین تو اسطوانہ پیدا ہوگا جیسے کہ اب د س شکل ۲ مرقومہ بالا مین

۷۸ — مخروط مضلع ایک شکل مجسم ہے جسکی اطراف مثلث ہین جو ایک نقطہ پر ملتے ہین اور راوس کا قاعدہ [illegible] اضلاع کا ہوتا ہے شکل اب س دی مخروط مضلع مخمس ہے

۷۹ — کرہ ایک شکل مجسم ہے جو کہ نصف دایرہ کو قطر پر جو کہ ثابت رہتا ہے گردش دینے سے پیدا ہوتا ہے جیسے اب س د

حساب اشکال مجسم کے بیان میں

۸۳ — کرہ کا مرکز اوسکے اندر ہوتا ہے اگر اوس مرکز سے خطوط سطح تک کہینچین تو وہ باہم برابر ہونگے

۸۴ — قطر کرہ ایک خط مستقیم ہے جو مرکز سے گذر کر اوپر دو نوطرفون سطح بیرونی کے منتہی ہوتا ہے اگر نصف دایرہ قطر کے گرد گردش کرے تو اوس قطر کو محور کرہ یا سہم کہتے ہیں

۸۵ شکل اول

جسم مکعب کا کہ ایک ضلع معلوم ہے اوسکی مساحت کیونکر دریافت کرین

ضلع معلومہ کو بنفسہٖ ضرب دو حاصلضرب کو پہر اوسی ضلع سے ضرب کرو حاصل جسامت یعنی مکعب کے ہوگے

مثال

مکعب اب س ج ح ی کا ضلع اب یا ب س ۲۵ گز کا ہے تو اوسکی مساحت کتنی ہوگے

۲۵
۲۵
۱۲۵
۵۰
۶۲۵
۲۵
۳۱۲۵
۱۲۵۰
۱۵۶۲۵ گز ہوگے

۸۶ مسئلہ دوم

جسامت ہیرل یا پیپا کے کیونکر دریافت کرین۔

چوتھا باب اشکال مجسم کے بیان مین

قاعدہ

طول کو عرض سے ضرب دو اور ما حصل کو پھر عمق یا ارتفاع سے ضرب کرو حاصل جسامت شکل مطلوبہ ہوگی

مثال

جسامت پیرلیل وپایپڈ اب س ج ح ی کی کیا ہوگی جبکہ طول اب ۸ فیٹ کا ہے اور عرض آی ۴ فیٹ کا اور عمق یا ارتفاع آد ۶ فیٹ کا

۸
۴
۳۲
۶
۱۹۲ جواب

۴۸ مسئلہ

اسطوانہ مضلع یا منشور کے جسامت کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

اعداد سطح قاعدہ کو اعداد عمق منشور مین ضرب دو حاصل ضرب اوسکی جسامت ہوگی

مثال

جسامت منشور اب س د ف ق کی جس کا کہ ضلع اب ۱۰۰ فیٹ کا ہے
اور ضلع ب س یا س ف یا ف ب ۴۰ فیٹ کا کیا ہوگی
نمبر ۵۸ مین بیان ہی کہ جس مثلث کے تینون اضلاع معلوم ہین اوسکی ساحت
دریافت ہو سکتی ہی — اس قاعدہ کی رو سے یہان دریافت کیا ہے کہ
مساحت قاعدہ کی ۶۷۳ یا قریب قریب اسکے ہی
اسکو ۱۰۰ مین ضرب دیوین تو ۶۷۳۰۰ ہوتے
ہین پس معلوم ہوا کہ منشور مذکور کی جسامت
۶۷۳۰۰ ہے

۸۸ مسئلہ چہارم

اسطوانہ کے سطح بیرونی کے دریافت کرنیکی ترکیب کیا ہے

قاعدہ

اوسکا طول کو عرض مین ضرب دو اور حاصل ضرب کو عمق یا ارتفاع سے
حاصل اوسکی جسامت ہوگی

مثال

جیسے اسطوانہ اب س د کا خط ب س اگر ۲۰ فیٹ کا ہو اور قطر اب ۱۰ فیٹ کا تو اوسکا سطح بیرونی کتنا ہوگا

۳۱۴
۲۵
۱۵۷۰
۶۲۸
۷۸۵۰
۲۵
۳۹۲۵۰
۱۵۷۰
جواب ۱۹۶۲۵۰

س د
ب ا

اگر ایک مجوف اسطوانہ کو دو بھانک کرکے پھیلا دیوین تو ظاہر ہے کہ اوسسے
مستطیل قائمہ الزاویہ پیدا ہوگا جس کا کہ قاعدہ اسطوانہ کے محیط قاعدہ کے برابر ہوگا اور ارتفاع اسطوانہ کا ارتفاع ایسے رہیگا

[illegible marginal handwritten note]

مسئلہ پنجم

جسامت اسطوانہ کی کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

اعداد ساحت قاعدہ کو ارتفاع اسطوانہ مین ضرب دو حاصل ضرب اوسکے جسامت ہوگے +

مثال

اسطوانہ ا ب س د کی قاعدہ کا قطر اب ۳۰ فیٹ کا ہی اور ارتفاع ب س ۵۰ فیٹ کا تو اوسکی جسامت کتنی ہوگے

د س
ا ب

۳٫۱۴
۳۰
۹۴۲۰
۱۵
۴۷۱۰۰
۹۴۲۰
۱۴۱۳۰۰
۳۵۳۲۵۰۰

× یہہ ہی قاعدہ اشکال اسطوانہ مضلع پیرلل دیا ئیڈ اور اسطوانہ مین ظاہر ہوسکتا ہے اگر ان اشکال کی فکر کرین کہ وہ بی محدود ٹکڑون سے کہ جو کہ قاعدہ سے متوازی ہین بنی ہین — چونکہ مجموعہ ان اجزای سے محدود کا برابر ارتفاع شکل سے کے ہی تو صاف ظاہر ہے کہ اگر قاعدہ کو جو کہ ایک اون اجزا مین سے ہے ارتفاع مین اسطوانہ یا اسطوانہ مضلع کی ضرب کرین تو حاصل ضرب اوسکے جسامت کی برابر ہوگا

مسئلہ ششم

— جسامت مخروط یا مخروط مضلع کے کیونکر پاوین

قاعدہ

سطح قاعدہ کو ارتفاع شکل مین ضرب کرو حاصلضرب کا تیسرا حصہ جسامت مخروط ہوگی *

مثال

مخروط ا ب س کے قطر کا قاعدہ ا ب ۲۰ ہے اور ارتفاع س ٹ ۲۴ تو اسکے جسامت کتنی ہوگی

۳.۱۴
۲۰
۶۲۸۰
۱۰
۴) ۶۲۸۰۰ خارج قسمت
۳۱۴۰۰
۲۴
۱۲۵۶۰۰
۶۲۸۰۰
۳) ۷۵۳.۶۰۰
۲۵۱۲۰۰ جواب

---

* مخروط مضلع اور مخروط تہائی پیرلیل وپاپید یا اسطوانہ کی برابر ہے درصورتیکہ وہ ایک سے قاعدہ پر ہین

چوتہا باب اشکال مجسم کے بیان مین

چہہ گوشہ مخروط مضلع ب س اس کے حجامت کیا ہوگی جبکہ اوسکے قاعدہ کے مساوی اضلاع ہین اور ارتفاع س ر ۶۰

قاعدہ

قاعدہ کا سطح بپمایش کرکر ارتفاع شکل مین ضرب دو اور حاصلضرب کو تین سے تقسیم کرو خارج قسمت حجامت چہہ گوشہ مخروط مضلع کے ہوگے

۹۱ مسلۂ نقیم

کرہ کا سطح بیرونی کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

کرہ کے قطر کو اوسکے محیط مین ضرب دو حاصلضرب اوس کا سطح بیرونی ہوگا

مثال

کرہ ا د ی ب کا قطر ا د ۱۰۰ فیٹ کا ہے تو اوس کا سطح بیرونی کتنا ہوگا

ی

ا د

ب

۳۱۴
۱۰۰
جواب ۳۱۴۰۰

اگر شکل کثیر الاضلاع منتظم کا ایک ضلع معلوم ہو تو اوسکی حجامت علم ریاضی سے معلوم ہوسکتی ہی لیکن اس جگہہ اوس کا بیان کرنا کچہہ ضرور نہین ہے اسکرہ کا سطح بیرونی دایرہ کے سطح سے جس کا قطر کرہ کے قطر کے برابر ہی چوگنا ہوتا ہے

۹۱ اگر قطر یا محور زمین ۷۹۶۱ میل ہو تو اوس کا تمام سطح کتنا ہوگا درصورتیکہ اوسکو بالکل گول فرض کرین

جواب ۱۹۹۰۰۵۴۱۵۹۴ د

۹۲ مسئلہ ہشتم

حبامت کرہ کے کیونکر دریافت کرین

قاعدہ

سطح بیرونی کرہ کو اوسکے قطر سی ضرب کرو اور حاصل ضرب کو چہہ سی تقسیم خارج قسمت حبامت شکل مطلوبہ ہوگے

مثال

کرہ ا د ی ب کا قطر آی ۱۰۰ فیٹ کا ہے تو اوسکے حبامت کتنی ہوگے

۳۱۴
۱۰۰
۳۱۴۰۰
۱۰۰

جواب ۳۱۴۰۰۰۰ / ۶ = ۵۲۳۳۳۳

۹۳ — قواعد مرقومہ بالاسکے جاننے سے طبع نہایت محظوظ ہوتے ہی اور برا ایکار اوسی اکثر منصور ہے مثلا دریافت کیا چاہتی ہین کہ ایک منٹ مین کسی جگہہ گنگا مین کتنے کعب فیٹ پانی مثلا آ پربہتا ہی دیکہو مثلا ایک پربا کوی ڈورہلکے سنی دریا مین آ پر ڈالو اور اپنی گہڑی دیکہکر دریافت کرو کہ پانی اوسکو ایک منٹ مین کہان تک بہا لیجاتا ہے فرض کرو کہ ایک منٹ مین پانی اوسی

تابع جسم علم مثلث مین

اوسنےکھینچا تا ہے تب فاصلہ درمیان آ اور ب کی پیمایش کرو اور عرض اور عمق دریا کا تحقیق تب جتنی فیٹ مکعب کہ درمیان اب س د اور عہ دریاکے ہین شمار کرکے بموجب ترچھی یا سیدہی ہونے کنارہ دریا کے نشو ریا پیرلل دیا ہید سمجہہ کر حساب کرو اور اوسمین سے کچہہ بسبب ترچھاین کنارون کے منہا کردو تو پانے سے معلوم ہوجاوے گا کہ کتنی مکعب فیٹ پانے جای مقررہ سے ایک میٹ مین بہتا ہی

باب جسم علم مثلث مین

